7. Mufti Fārūq Luhārvī Ṣāḥib (Darul Uloom London, UK).
8. Mufti Nūr Aḥmad Ṣāḥib (Hathazari Madrasa, Chittagong, Bangladesh).
9. Mufti Riyāḍ al-Ḥaq Ṣāḥib (Potia Madrasah, Chittagong, Bangladesh).
10. Mufti ʿAbd al-Raḥmān Ṣāḥib (Bashundhara Islamic Research Centre, Dhaka, Bangladesh).
11. Mufti Muḥammad Saʿīd Motārā Ṣāḥib (Darul Uloom Azaadville, South Africa).
12. Mufti ʿAbd al-Qādir Ḥusayn Ṣāḥib (Channel Islam International, South Africa).
13. Shaykh Muḥammad Salīm Dhorāt Ṣāḥib (Islamic Dawah Academy, Leicester, UK).
14. Mufti Yūsuf Sāchā Ṣāḥib (Darul Iftaa, Batley, UK).
15. Mufti ʿAbd al-Ḥamīd Ṣāḥib (Tauheedul Islam Trust, Blackburn, UK).
16. Mufti Yūsuf Afshānī Ṣāḥib (Jamia Farooqia, Karachia, Pakistan) – Please also refer to the Fatwā received in the appendices.
17. Mufti ʿAbd al-Bārī Ṣāḥib (Jamia Farooqia, Karachi, Pakistan).
18. Mufti Gulām Qadīr Ṣāḥib (Darul Uloom Jamia Haqqania Akora Khattak, Pakistan).
19. Mawlānā Anwār al-Ḥaq Ṣāḥib (Wifaq-ul-Madaris Alarabia, Pakistan).
20. Mawlānā Magfūr Allah Ṣāḥib (Darul Uloom Jamia Haqqania Akora Khattak, Pakistan).
21. Mufti Farīd Patel Ṣāḥib (Muscat, Oman).
22. Mufti Sājid Patel Ṣāḥib (Chadwell Heath, Essex, UK).
23. Mufti Muḥammad ibn Adam Ṣāḥib (Darul Iftaa, Leicester, UK).
24. Mufti Ibrāhīm Salejee Ṣāḥib (Madrasah Taleemuddeen, Durban, South Africa).
25. Mufti Jaʿfar Millī Ṣāḥib (Jamia Islamia Ishatul Uloom, Akkalkuwa, India) - Please also refer to the Fatwā received in the appendices.
26. Mufti Ismaʿīl Bassā (Jamiatul Ulama KZN, South Africa).
27. Mufti Sayf al-Islām Ṣāḥib (Jamiah Khatamun Nabiyeen, Bradford, UK).

28. Mufti Ḥusayn Aḥmad Madanī (Darul Uloom, Canada).
29. Mufti Niyāz Aḥmad Nadwī (Nadwatul Ulama, Lucknow, India).
30. Mufti Muḥammad Ẓafar ʿĀlam Nadwī (Nadwatul Ulama, Lucknow, India) provided a Fatwā affirming the prohibition. This Fatwa is available in the appendices.
31. Mufti Raḍāʾ al-Ḥaq Ṣāḥib (Darul Uloom Zakariyya, South Africa) provided a Fatwā affirming the prohibition. This Fatwā is available in the appendices.

May Almighty Allah reward the aforementioned scholars for reviewing the Fatwa and affirming the prohibition of publishing the translation of the Qurʾān without the Arabic text.

Yusuf Shabbir (Blackburn, UK)
7 Jumādā al-Ūlā 1436 / 26 February 2015

# ❁ فتویٰ بابت: بغیر متن کے ترجمۂ قرآن کی اشاعت ❁

ازقلم: حضرت مولانا مفتی محمد جعفر صاحب ملی رحمانی
صدر دارالافتاء، جامعہ اسلامیہ اشاعت العلوم اکل کوا، مہاراشٹر، انڈیا

**سوال:** (الف): کیا کسی زبان میں (متن قرآن کے بغیر) تنہا ترجمۂ قرآن کی اشاعت درست ہے؟

(ب): اگر یہ اشاعت ناجائز ہے تو اسے خریدنے، تقسیم کرنے اور ہدیہ کرنے کا کیا حکم ہے؟

(ج): اگر یہ اشاعت درست ہے تو بے وضو اسے چھونے کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** (الف): کسی زبان میں متن قرآن کے بغیر تنہا ترجمۂ قرآن کی اشاعت باجماعِ امت حرام اور باتفاقِ ائمہ اربعہ ممنوع ہے[1]، عامۃ الناس خالی از قرآن سمجھ کر ہرگز اس کے مس کے لیے وضو کا انتظام نہ کریں گے، تو ایسا ترجمہ شائع کرنا سبب ہوگا ایک امر غیر مشروع کا، اور غیر مشروع کا سبب غیر مشروع ہے، اور مثلاً اس کا احترام بھی زیادہ نہ کریں گے اور غیر قابلِ انتفاع ہوجانے کے وقت مثل دیگر معمولی کتب کے اوراق کے اس کے اوراق کا استعمال بھی کریں گے، تو اس سے یہ بھی ایک محذور لازم آوے گا، اور محذور کا سبب لامحالہ محذور و محظور ہے۔[2]

(ب): جب اشاعت ناجائز ہے تو اس کی خرید و فروخت، تقسیم اور ہدیہ وغیرہ سب بوجہ اعانت علی المعصیت ناجائز ہوگا۔[3]

(ج): اشاعت تو درست نہیں، البتہ کسی نے شائع کردیا تو اس ترجمۂ قرآن کو بلا وضو چھونا خلافِ ادب و احترامِ مصحف ہوگا۔[4]

**الحجة على ما قلنا :**

(١) ما في " المحيط البرهاني " : ولو كتب القرآن وكتب تفسير كل حرف وترجمته تحته ؛ روي عن الفقيه أبي حفص رحمه الله : لا بأس بهذا في ديارنا ، لأن معاني القرآن وفوائدها لا يضبطها العوام إلا بهذا ، وإنما يكره هذا في ديارهم ، لأن القرآن نزل بلغتنا .

( ١ / ٣٥١ ، كتاب الصلاة ، الفصل الرابع في كيفيتها ، دار احياء التراث العربي بيروت )

ما في " جواهر الفقه " : ''قرآن مجید کا صرف ترجمہ بغیر عربی الفاظ کے لکھنا اور لکھوانا اور شائع کرنا باجماعِ امت حرام اور باتفاق ائمہ اربعہ ممنوع ہے''۔

(۱/۹۷، صیانۃ القرآن عن تغییر الرسم واللسان)

ما في " جواهر الفقه " : ''خدانخواستہ اگر یہ طریق مروج ہوگیا تو مثل تورات وانجیل احتمال قوی اصل قرآن مجید کے ضائع ہونے کا ہے اور حفاظت اصل قرآن مجید کی فرض ہے اور اس کا اخلال حرام ہے، اور فرض کا مقدمہ فرض، اور حرام کا مقدمہ حرام، اور یہ شبہ نہ کیا جاوے کہ یہ احتمال بعید ہے، محققان دین ومبصران اسلام سے ایسے احتمالات کا اعتبار نا بت ہے، پھر خواہ بعید ہو یا قریب ہم پر بھی واجب ہے کہ اس کا لحاظ کریں، حضرات شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بعض قراء کی شہادت کے وقت بعد سرسری مناظرہ کے محض ضیاع قرآن کے احتمال کا اعتبار کرکے قرآن مجید کے جمع کا اہتمام ضروری قرار دیا تھا، حالانکہ قرآن مجید اس وقت بھی متواتر تھا اور اس کے ناقل اس کثرت سے موجود تھے کہ اس کے تواتر کا انقطاع احتمال بعید تھا، لیکن پھر بھی اس کا لحاظ کیا گیا، پس جیسا اس وقت عدم کتابت میں احتمال ضیاع کا تھا اسی طرح صرف ترجمہ کی کتابت میں اس کا احتمال ہے۔''

(۱/۱۱۳، نقل فتویٰ حضرت حکیم الامت مجدد الملۃ حضرت مولانا اشرف علی صاحب نور اللہ مرقدہٗ وقدس سرہٗ)

ما في " فتاوى محموديه " : ''بغیر عربی کے محض اردو یا کسی بھی زبان میں قرآن شریف کو لکھنا چھاپنا منع ہے، اتقان میں اس پر ائمہ اربعہ کا اجماع نقل ہے۔''

(فتاویٰ محمودیہ: ۳/۵۱۰، باب ما یتعلق بالقرآن، ترجمۂ قرآن بغیر عربی عبارت کے، کراچی، امداد الفتاویٰ: ۴/۳۹ تا ۴۲، عدم جواز کتابت واشاعت ترجمۂ قرآن مجید مجرد از قرآن، امداد الاحکام: ۱/۲۳۲ تا ۲۳۹، قرآن مجید کی کتابت میں خط عثمانی کا واجب ہونا اور ترجمہ قرآن کو علیحدہ چھاپنے کا حکم، امداد الفتاویٰ: ۴/۴۲، ۴۳، مشورہ در ترجمہ قرآن مجید بزبان ہندی، کفایت المفتی: ۱/۱۲۶، ۱۲۸، کتاب العقائد، خیر الفتاویٰ: ۱/۲۱۷، محض اردو ترجمہ چھاپنا جائز نہیں)

ما في " فتح القدير لابن الهمام " : وفي الكافي : إن اعتاد القرآن بالفارسية أو أراد أن يكتب مصحفا بها يمنع ، فإن فعل آية أو آيتين لا ، فإن كتب القرآن وتفسير كل حرف وترجمته جاز .. الخ . (۲۸۶/۱، باب صفة الصلاة، مصطفى البابي الحلبي مصر ، رد المحتار : ۴۸۶/۱ ، مطلب في بيان المتواتر والشاذ ، مكتبه سعيد كراچي ، مناهل العرفان : ۳۸/۲، دار احياء التراث العربي بيروت)

ما في " فتاوى محموديه " : ''محض اردو میں قرآن پاک لکھنا اور چھاپنا اور فروخت کرنا اور خریدنا درست نہیں، اصل عربی کے ساتھ ترجمہ بھی ہو تو درست ہے۔''

(۵۰۹/۳، اردو میں قرآن پاک لکھنا)

(۲) ما في " القرآن الكريم " : ﴿ولا تعاونوا على الإثم والعدوان﴾ . (سورة المائدة : ۲)

ما في " الشامية " : بقاعد فقهية سداً للذرائع : " ما كان سبباً لمحظور فهو محظور " . (۲۲۳/۵، نعمانيه)

ما في " الدر المختار مع الشامية " : " وكل ما أدى إلى ما لا يجوز لا يجوز " . (۴۳۲/۹)

ما في " بدائع الصنائع " : "كل ما أدى إلى الحرام حرام" . (۴۸۸/۶)

ما في " جمهرة القواعد الفقهية " : بقاعد فقهية : " الإعانة على المحظور محظور " . (۶۴۴/۲)

ما في " المقاصد الشرعية للخادمي " : " إن الوسيلة أو الذريعة تكون محرمة إذا كان المقصد محرماً " . (ص/۴۶)

(۳) ما في " جواهر الفقه " : ''اور جب کہ اس کا لکھنا اور شائع کرنا ناجائز ہوا تو اس کی خرید وفروخت بھی بوجہ اعانت معصیت کے ناجائز ہوگی، اس لیے اس کا فروخت کرنے والا اور خریدنے والا بھی گناہ گار ہوگا، اور چھاپنے اور شائع کرنے والے کو بھی اپنے عمل کا گناہ ہوگا، اور جتنے مسلمان اس کی خرید وفروخت کی وجہ سے گناہ گار ہوں گے وہ اس کے نامۂ اعمال میں بھی لکھا جاوے گا۔ لقولہ تعالیٰ: ﴿وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا﴾۔'' (۹۷/۱، صيانة القرآن عن تغيير الرسم واللسان)

ما في " جواهر الفقه " : ''حق تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿ولا تعاونوا على الاثم والعدوان﴾۔ اور فقہاء نے اس قاعدہ پر یہاں تک تفریع فرمائی ہے کہ جس شخص کو بھیک مانگنا حرام ہے، اس کو بھیک دینا بھی حرام ہے، کیوں کہ اگر دینے والے دیں نہیں تو مانگنے والا مانگنا چھوڑ دے، اسی طرح اس ترجمہ کے متعلق یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ ایسے ترجمہ کو اگر کوئی شخص نہ قیمت لے اور نہ بلا قیمت تو ایسے تراجم کا سلسلہ بند ہو جاوے اور لینے کی صورت میں یہ سلسلہ جاری رہے گا، پس ایسے ترجمہ کا خریدنا بایدیہ میں قبول کرنا اعانت ہوگی ایک امر ناجائز کی، اس لیے یہ بھی ناجائز ہے۔'' (۱۱۵/۱، نقل فتویٰ حضرت حکیم الامۃ مجدد الملۃ حضرت مولانا اشرف علی صاحب نور اللہ مرقدہ وقدس سرہ)

ما في " فتاوى محموديه " : ''محض اردو میں قرآن پاک لکھنا اور چھاپنا اور فروخت کرنا اور خریدنا درست نہیں۔''

(فتاویٰ محمودیہ: ۵۰۹/۳، اردو میں قرآن پاک پڑھنا، کراچی، خیر الفتاویٰ: ۲۱۸/۱، جزئیہ نمبر ۵، ۶)

(۴) ما في " جواهر الفقه " : ''حسب تصریح فقہاء اس ترجمہ کو بلا وضو مس کرنا جائز نہ ہوگا۔ كما في العالمگيرية : ولو كان القرآن مكتوبًا بالفارسية يكره لهم مسه عند أبي حنيفة ، وكذا عندهما على الصحيح ، هكذا في الخلاصة . (۲۴/۱) وفيه أيضًا : إذا قرأ آية السجدة بالفارسية فعليه وعلى من سمعها السجدة فهم السامع أم لا إذا أخبر السامع أنه قرأ آية السجدة . (۸۵/۱) وهذه الجزئية الثانية تؤيد الأولى حيث وجب سجدة التلاوة بقراءة القرآن بالفارسية فعلم منه أن الترجمة بالفارسية لا تخرج القرآن عن كونه قرآنا حكما فلا يجوز مسه للمحدث ۔ اور یہ یقینی بات ہے کہ عام طور پر اس ترجمہ کو ایک کتاب خالی از قرآن سمجھ کر ہرگز اس کے مس کے لیے وضو کا انتظام نہ کریں گے۔'' (۱۱۴،۱۱۳/۱)

ما في " ارشادات گنگوهي " : ''قرآن شریف مترجم کو بے وضو ہاتھ لگانا منع ہے۔'' (ص/۲۰۲، بحوالہ ماہنامہ راہِ عافیت: ص/۴۰ محرم الحرام ۱۴۳۶ھ، شمارہ نمبر: ۹، جلد نمبر: ۹)

ما في " خير الفتاوى " : ''بہت سے لوگ اسے بلا وضو چھوئیں گے، حالانکہ احتراماً اس کا بلا وضو چھونا درست نہیں ۔ (خیر الفتاویٰ: ۲۱۸/۱، محض اردو ترجمہ چھاپنا الخ)

ما في " كتاب الفتاوى " : ''قرآن مجید کا ترجمہ بعینہٖ قرآن کے حکم میں نہیں ہے، اس لیے ترجمۂ قرآن کو پڑھنے اور چھونے کے لیے باوضو ہونا ضروری نہیں، بشرطیکہ اس کے ساتھ قرآن مجید کا متن نہ ہو، اور ہو تو اس پر ہاتھ نہ لگے، البتہ دشواری نہ ہو تو ترجمہ کے لیے بھی وضو کر لینا بہتر ہے، اس سے ان شاء اللہ قرآن کے کمالِ احترام کا ثواب ملے گا۔''

(۴۷۸/۱، ترجمۂ قرآن پڑھنے کے لیے وضو ضروری ہے؟، نیز دیکھیے: جواب نمبر: ۴۰ کا حاشیہ نمبر: ۱) فقط

واللہ اعلم بالصواب

کتبہ العبد: محمد جعفر ملی رحمانی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

**الجواب:** فقہائے کرام اور مفتی حضرات زمانہ قدیم سے قرآن کے ترجمہ کو قرآنی کلمات کے بغیر چھاپنے کو ناجائز فرماتے ہیں اور اس میں متعدد خرابیاں بتلاتے ہیں:

(۱) لوگ اس کو اصل قرآن سمجھیں گے جو کہ غلط ہے۔

(۲) رفتہ رفتہ آگے جا کر اس کو نمازوں میں پڑھنا شروع کر دیں گے جو ناجائز ہے۔

(۳) قرآنِ کریم کے کلمات اور الفاظ کی برکت سے محروم ہو جائیں گے۔

(۴) قرآنِ کریم کے کلمات سامنے ہوں اور ان کے ساتھ ترجمہ ہو تو علمائے کرام اور تفسیر سے شغف رکھنے والوں کو پتہ چلے گا کہ مناسب ترجمہ لیا گیا یا نامناسب ہے۔

(۵) ترجمہ پڑھنے کے ساتھ ساتھ تلاوت بھی ہوگی۔

(۶) ترجمہ متن کے بغیر چھاپنا اکابر وسلف کے طریقہ کے خلاف ہے۔

(۷) ہمارے سب اکابر نے اسطرح کرنے کو ناجائز لکھا ہے۔ اس لیے قرآن کا ترجمہ اور اس کے ساتھ عربی قرآنِ کریم چھاپنا چاہئے۔

اور اگر غیر مسلم کو اس کے دینے کی ضرورت ہو یا غیر مسلم مانگ لے تو پھر قرآنِ کریم بمعہ تفسیر اس کو دیدیا جائے، اور تفسیر بھی ایسی ہو جو غیر مسلم ممالک کے غیر مسلموں کو سامنے رکھ کر لکھی گئی ہو، صرف قرآنِ کریم بمعہ ترجمہ یا بغیر ترجمہ غیر مسلموں کو دینے کی ضرورت ہو تو اگر وہ جنابت میں ہو تو غسل کر لے اور اگر غسل کیا ہو تو وضو کے لیے کہا جائے پھر وہ نہا دھو کر قرآنِ کریم لے سکتا ہے۔ فتاویٰ ہندیہ میں مرقوم ہے:

**قال أبو حنيفةؒ: أُعَلِّمُ النصرانيَ الفقهَ والقرآنَ لعله يهتدي ولا يمس المصحف وإن اغتسل ثم مس لا بأس كذا الملتقط.** (الفتاوى الهندية: ٥/٣٢٣، الباب الخامس في آداب القبلة من كتاب الكراهية).

حضرت عمرؓ کے اسلام کے واقعہ سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے کہ ان کی بہن نے حضرت عمرؓ کو غسل کے لیے فرمایا اور پھر قرآنِ کریم کے اوراق دیدئے۔ فقط والسلام۔

DARUL ULOOM
ZAKARIYYA
Darul Iftaa
LENASIA
SOUTH AFRICA

کتبہ (حضرت مفتی) رضاء الحق (مدظلہ)
دار الافتاء دار العلوم زکریا لینیشیا جنوبی افریقہ
مؤرخہ: ۶/فروری ۲۰۱۵ء مطابق: ۱۵/ربیع الآخر، ۱۴۳۶ھ۔

دار العلوم زکریا
دار الافتاء
لینشیا۔ جنوبی افریقہ

الف/ ۳۱۶/ ل ۳۶

هوالمصوب

بغیر متن کے صرف ترجمہ قرآن پاک کی اشاعت جائز نہیں ہے اسکی بہت سی وجوہات ہیں جن چند یہ ہیں :

۱ - قرآن الفاظ و معانی دونوں کے مجموعہ کا نام ہے نہ صرف معانی کا اور نہ صرف حروف کا، علماء سلف اور جمہور امت کی یہی رائے : لیس القرآن اسماً لمجرد المعنیٰ ولا لمجرد الحرف بل لمجموعهما" مجموعہ فتاوی ابن تیمیہ (ج ۱۲/ص ۲۴۳، ۲۴۴)

۲ - ترجمہ بلاتن کی اشاعت سے قرآن کا اعجازی پہلو ختم ہوجائے گا - ولأن ترجمة القرآن ليست قرآنا لان القرآن هو هذا النظم المعجز وبالترجمة يزول الإعجاز فلم تجز" موسوعہ فقہیہ ۲۳/ ۵۵

۳ - تنہا ترجمہ قرآن کا رواج ہوجانے سے لوگ نماز میں اسی کی قراءت کے لگیں گے جو جائز نہیں ہے۔ حوالہ سابق۔ بحوالہ المجموع شرح المهذب للنووی ۳/ ۳۷۹

۴ - قرآن مجید کے الفاظ توقیفی اور متعین ہیں، ترجمہ میں تعدد ہو سکتا ہے چند الگ الگ مفہوم کے ترجمہ شائع ہوئے تو قرآن متعدد کہلائے جائیں گے اور تورات و انجیل جیسا حشر العیاذ باللہ ہوجائے گا - وأن الترجمة متعددة والقرآن واحد لا يتعدد" (مناهل العرفان ۲/ ۱۱۳) - اس طرح تورات انجیل کی طرح متعدد قرآن کا تصور سامنے آنے لگے گا۔

۵ - بلاتن صرف ترجمہ شائع کرنا اہل کتاب کے ساتھ تشبہ ہے، مولانا اشرف علی تھانوی نے فرمایا ہے کہ تشبہ فی الامر الدنیا سے تشبہ فی الأمر الدینی اشد ہے - (حوادث الفتاوی ۲/ ۱۵۵) ، مولانا تھانوی نے آگے مزید فرمایا ہے : خدانخواستہ اگر یہ طریق مروج ہوگیا تو مثل تورات و انجیل احتمال قوی اصل قرآن مجید کے ضائع ہونے کا ہے اور حفاظت اصل قرآن مجید کی فرض ہے اور اس کا اخلال حرام ہے اور فرض کا فرض اور حرام کا مقدمہ حرام" (حوادث الفتاوی ۲/ ۱۵۶) -

۶ - بلاتن صرف ترجمہ قرآن شائع کرنا باجماع امت ممنوع ہے، اگر شائع کیا جائے تو یہ خلاف اجماع اور حرام ہے، مولانا مفتی شفیع صاحب لکھتے ہیں : قرآن مجید کا صرف ترجمہ بغیر بڑی الفاظ کے لکھنا لکھوانا اور شائع کرنا باجماع امت حرام اور باتفاق ائمہ اربعہ ممنوع ہے" جواہر الفقہ ۲/ ۹۷

مذکورہ وجوہات اور ان کے علاوہ تلاوت و طہارت کے متعلق احکام کے متأثر ہونے کی وجہ سے ناجیز بلاتن صرف ترجمہ قرآن کی اشاعت کے بارے میں وہی رائے رکھتا ہے جو جمہور امت کی ہے فقط

محمد ظفر عالم ندوی
دار الافتاء ندوۃ العلماء لکھنؤ
۱/۴/۳۶ھ

الجواب صحیح
بنده محمد ندوی
دار الافتاء ندوۃ العلماء لکھنؤ
۱/۴/۳۶ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الجواب حامدا ومصلیا

قرآن کریم کے ترجمہ کو اصل عربی متن اور قرآنی کلمات کے بغیر چھاپنا بالاجماع حرام اور ناجائز ہے، کئی مفاسد کا ذریعہ ہے، جن میں سے چند درج ذیل ہیں:

( ۱ ) قرآن کریم کے ایک ایک لفظ کی تلاوت کرنے اور پڑھنے سے دس نیکیاں مل جاتی ہیں، اسی طرح قرآن کریم کو صرف دیکھنا بھی عبادت ہے، یوں اگر متنِ عربی کے بغیر قرآن کریم کی اشاعت کا سلسلہ شروع ہو جائے تو اس میں قرآن کریم کی تلاوت اور دیکھنے کے اجر و ثواب سے محرومی ہے، جو کسی بھی مسلمان کے ہاں پسندیدہ نہیں۔

(( من قرأ حرفا من كتاب الله فله حسنة ، والحسنة بعشر أمثالها ، لا أقول : ألم حرف ، ولكن : ألف حرف ، ولام حرف ، وميم حرف )) **رواه الترمذي**

عن أبي سعيد الخدري قال، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ((أعطوا أعينكم حظها من العبادة)) قيل: يا رسول الله وما حظها من العبادة؟ قال: ((النظر في المصحف والتفكر فيه والاعتبار عند عجائبه)). **شعب الايمان للبيهقي، رقم الحديث ۲۰۳۰۔**

( ۲ ) مسلمانوں کا عام طبقہ اگرچہ دین سے دور ضرور ہے، لیکن قرآنِ کریم سے ایک دلی لگاؤ اور تعلق ہے، روزانہ نہ سہی کبھی کبھار تلاوت کرنے کا شوق ان کے دلوں میں موجزن رہتا ہے، احکاماتِ الٰہیہ کو عام کرنے کی غرض سے اگر اسے قرآنِ کریم کا ترجمہ پیش کیا جائے تو اصل قرآنِ کریم سے بالکلیہ بے تعلقی ہو جائے گی اور وہ اجنبی بن کر رہ جائے گا، اور یہ آیت صادق آجائے گی:

((نبذ فريق من الذين أوتوا الكتاب كتاب الله وراء ظهورهم كأنهم لا يعلمون)) البقرة: ۱۰۱

ترجمہ: "اہل کتاب میں سے ایک گروہ نے اللہ کی کتاب ( تورات و انجیل ) کو اس طرح پس پشت ڈال دیا گویا وہ کچھ جانتے ہی نہ تھے۔"

( ۳ ) عام لوگ متنِ قرآن کریم کے بغیر ایسے ترجموں کو دیگر عام کتابوں کی طرح سمجھنے لگیں گے، پھر ان کا احترام بھی نہیں کریں گے، اور ناقابل انتفاع ہونے کی صورت میں العیاذ باللہ ردی کاغذ سمجھ کر عام اوراق کی طرح ان کو بھی اپنے استعمال میں لائیں گے۔

ان ناجائز کاموں کا سبب ہم بنے اور یہ ہر شخص جانتا ہے کہ ناجائز کام کا سبب بننا بھی ناجائز اور گناہ کے کام میں تعاون کی وجہ سے ناجائز ہے۔

قال الله تبارک وتعالیٰ: ((وتعاونوا على البر والتقوى ولا تعاونوا على الإثم والعدوان واتقوا الله إن الله شديد العقاب)). **المائدة : ۲**

ترجمہ: " اور نیکی اور تقویٰ میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرو، اور گناہ اور ظلم میں تعاون نہ کرو، اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بیشک اللہ کا عذاب بڑا سخت ہے۔"

(جاری ہے)

(۴) عربی متن کے بغیر قرآن کریم کی اشاعت کے عدم جواز پر چاروں مذاہب کے حضرات علمائے کرام کا اتفاق واجماع ہے۔

علامہ ابن حجر الھیتمی رحمہ اللہ "الفتاوی الکبریٰ الفقھیۃ" میں لکھتے ہیں:

"وسئل" - نفع الله بعلومه - هل تحرم كتابة القرآن الكريم بالعجمية كقراءته؟

"فأجاب" بقوله: قضية ما في المجموع عن الأصحاب التحريم وذلك لأنه قال: وأما ما نقل عن سلمان رضي الله عنه "أن قوما من الفرس سألوه أن يكتب لهم شيئا من القرآن فكتب لهم فاتحة الكتاب بالفارسية, فأجاب عنه أصحابنا بأنه كتب تفسير الفاتحة لا حقيقتها ا هـ. فهو ظاهر. أو صريح في تحريم كتابتها بالعجمية فإن قلت: كلام الأصحاب إنما هو جواب عن حرمة قراءتها بالعجمية المترتبة على الكتابة بها فلا دليل لكم فيه، قلت: بل هو جواب عن الأمرين, وزعم أن القراءة بالعجمية مترتبة على الكتابة بها ممنوع بإطلاقه, فقد يكتب بالعجمية ويقرأ بالعربية وعكسه, فلا تلازم بينهما كما هو واضح وإذا لم يكن بينهما تلازم كان الجواب عما فعله سلمان رضي الله عنه في ذلك ظاهرا فيما قلناه على أن مما يصرح به أيضا أن مالكا رضي الله عنه سئل هل يكتب المصحف على ما أحدثه الناس من الهجاء؟ فقال: لا، إلا على الكتبة الأولى، أي: كتبة الإمام, وهو المصحف العثماني قال بعض أئمة القراء ونسبته إلى مالك؛ لأنه المسئول وإلا فهو مذهب الأئمة الأربعة. قال أبو عمرو: ولا مخالف له في ذلك من علماء الأمة, وقال بعضهم: والذي ذهب إليه مالك هو الحق إذ فيه بقاء الحالة الأولى إلى أن يتعلمها الآخرون, وفي خلافها تجهيل آخر الأمة أولهم, وإذا وقع الإجماع كما ترى على منع ما أحدث الناس اليوم من مثل كتابة الربا بالألف مع أنه موافق للفظ الهجاء, فمنع ما ليس من جنس الهجاء أولى, وأيضا ففي كتابته بالعجمية تصرف في اللفظ المعجز الذي حصل التحدي به بما لم يرد بل بما يوهم عدم الإعجاز, بل الركاكة؛ لأن الألفاظ العجمية فيها تقديم المضاف إليه على المضاف ونحو ذلك مما يخل بالنظم ويشوش الفهم. وقد صرحوا بأن الترتيب من مناط الإعجاز وهو ظاهر في حرمة تقديم آية على آية كتابة كما يحرم ذلك قراءة, فقد صرحوا بأن القراءة بعكس السور مكروهة وبعكس الآيات محرمة وفرقوا بأن ترتيب السور على النظم المصحفي مظنون, وترتيب الآيات قطعي. وزعم أن كتابته بالعجمية فيها سهولة للتعليم كذب مخالف للواقع والمشاهدة، فلا يلتفت لذلك، على أنه لو سلم صدقه لم يكن مبيحا لإخراج ألفاظ القرآن عما كتبت عليه, وأجمع عليها السلف والخلف."

( الفتاوى الكبرى الفقهية لابن حجر المكي الهيتمي، ۱/۳۸،۳۷)

(جاری ہے)

علامہ بیہقی رحمہ اللہ "شعب الایمان" میں فرماتے ہیں:

"من كتب مصحفا فينبغي أن يحافظ على الهجاء الذي كتبوا به تلك المصاحف، ولا يخالفهم فيها، ولا يغير مما كتبوه شيئا؛ فإنهم كانوا أكثر علما، وأصدق قلبا ولسانا، وأعظم أمانة منا، فلا ينبغي لنا أن نظن بأنفسنا استدراكا عليهم ولا تسقطا لهم."

**(الجامع لشعب الايمان، ٢١٩/٤، مكتبة الرشد)**

علامہ ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

" إن الله لما أنزل كتابه باللسان العربي، وجعل رسوله مبلغا عنه الكتاب والحكمة بلسانه العربي، وجعل السابقين إلى هذا الدين متكلمين به: لم يكن سبيل إلى ضبط الدين ومعرفته إلا بضبط هذا اللسان، وصارت معرفته من الدين، وصار اعتياد التكلم به أسهل على أهل الدين في معرفة دين الله، وأقرب إلى إقامة شعائر الدين، وأقرب إلى مشابهتهم للسابقين الأولين، من المهاجرين والأنصار في جميع أمورهم." **(اقتضاء الصراط المستقيم)**

فقہائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ تو رسمِ عثمانی تبدیل کرنے یا ہجوں میں تغیر کرنے کی اجازت نہیں دیتے ہیں، چہ جائیکہ کہ پورا قرآن ہی بغیر عربی متن اور قرآنی آیات کے چھاپ دیا جائے، چنانچہ امام مالک رحمہ اللہ سے مروی ہے:

"روى السخاوي بسنده: أنَّ مالكا - رحمه الله - سئل: أرأيت من استكتب مصحفا، أترى أن يكتب على ما استحدثه الناس من الهجاء اليوم؟، فقال: " لا أرى ذلك، ولكن يكتب على الكتبة الأولى ".

قال السخاوي: والذي ذهب إليه " مالك " هو الحق، إذ فيه بقاء الحالة الأولى إلى أنْ تعلمها الطبقة الأخرى، ولا شك أنَّ هذا هو الأحرى بعد الأحرى، إذ في خلاف ذلك تجهيل الناس بأولية ما في الطبقة الأولى."

اور امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں : " تحرم مخالفة خط مصحف عثمان في واوٍ أو ألفٍ أو ياءٍ، أو غير ذلك ".

امت کے فقہائے عظام و محدثین کرام کے اجماع اور اتفاق کو غلط سمجھنا، جناب نبی اکرم ﷺ کی درج ذیل احادیثِ مبارک کی تردید کے مترادف ہے : ۱۔ (( لا يجمع الله أمتي على الضلالة )) **المستدرك** ، ۲۔ ((يد الله على الجماعة فاتبعوا السواد الأعظم فإنه من شذ شذ في النار)) **المستدرك**، لہٰذا دین اور امور دین کے متعلق وہ طریقہ اختیار کرنا چاہیئے جو نبی کریم ﷺ کی تعلیماتِ مقدسہ اور اجماعِ امت کے خلاف نہ ہو۔

( ۵ ) یہود و نصاریٰ کے ساتھ مشابہت بھی ہے کہ وہ بھی تورات اور انجیل کو متن کے بغیر شائع کرتے رہتے تھے، ان کے ساتھ مشابہت دنیوی امور میں جائز نہیں، دینی امور میں تو بطریقہ اولیٰ جائز نہیں ہو گی۔

(جاری ہے)

(۶) اصل قرآنِ کریم کے ضیاع کا اندیشہ بھی ہے۔

(۷) اصل قرآنِ کریم کی طرح ترجمۂ قرآن کا بغیر وضو کے ہاتھ لگانا جائز نہیں۔

فتاوی عالمگیریہ میں ہے:

((ولو كان القرآن مكتوبا بالفارسية يكره لهم مسه عند أبي حنيفة وكذا عندهما على الصحيح))

اگر متن کے بغیر صرف ترجمہ مطبوعہ شکل میں ہو تو عام لوگ اسے ایک عام کتاب سمجھ کر بغیر وضو کے ہاتھ لگائیں گے۔

(۸) جب اصل قرآنِ کریم موجود ہو تو اگر ترجموں میں کوئی اختلاف ہو بھی تو اصل کی طرف مراجعت کی جائے گی، ترجمہ میں اختلاف کو ترجمہ کرنے والوں کی طرف منسوب کیا جاتا ہے، کسی کا ذہن اس طرف نہیں جاتا کہ اس اختلاف کی بنیاد اصل کتاب ہے، رفتہ رفتہ کچھ عرصے کے بعد یہ گمان ہونے لگے گا کہ اصل ہی مختلف فیہ ہے، اور پھر عام لوگوں کا یہ عقیدہ بننا شروع ہو جائے گا کہ قرآنِ کریم ایک اختلافی کتاب ہے۔

(۹) صرف ترجموں کی اشاعت سے تحریف کا دروازہ کھل جائے گا اور اہل زیغ وضلال کو بہت آسانی سے غلط ترجمہ اور تفسیر کرنے کا نادر موقع ہاتھ آجائے گا، جو مسلمانوں کے لئے ایک بہت بڑا نقصان ہے۔

(۱۰) قرآنِ کریم کی تقسیم کا ایک خطرناک دروازہ کھل سکتا ہے، باین طور کہ کسی نے احکام پر مشتمل آیتوں کا ترجمہ کر کے چھاپ دیا، کسی نے قصص وواقعات کا ترجمہ کر کے الگ ایک مجموعہ مرتب کر لیا، کسی نے قیامت، جنت، دوزخ، جنتیوں اور دوزخیوں کے احوال یکجا کر کے دوسرا مجموعہ تیار کر لیا، کچھ عرصے کے بعد مختلف اجزاء پر مشتمل حصوں کے قرآن ہونے کے بارے میں لوگ شک میں پڑ جائیں گے۔

لہٰذا ان مفاسد کے پیش نظر قرآن کریم کے ترجمہ کو بغیر عربی متن کے چھاپنا جائز نہیں ہے، باجماعِ فقہائے امت حرام ہے۔ فقط

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

کتبہ: عبد الباری غفرلہ

دارالافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

۱۰ جمادی الاول ۱۴۳۶ھ / ۱۲ مارچ ۲۰۱۵ء

الجواب صحیح

محمد یوسف افغانی

۱۴۳۶/۵/۱۳ھ

الجواب صحیح

۱۴۳۶/۵/۱۲ھ

شعبۂ تدریس
دارالافتاء جامعہ عثمانیہ پشاور
سلسلہ وار نمبر ۲۶۶۲ بنام انور حسین
تاریخ آمد 22-3-2015 تاریخ روانگی 2-3-2015
فتویٰ نمبر 325/277/328 نوعیت وہبی
دستخط محمد یحیٰ


الجواب وبالله التوفيق:

قرآن نظم عربی اور معنٰی دونوں کے مجموعے کا نام ہے اور عربی نظم کے علاوہ پر قرآن کا اطلاق مجازاً ہے۔اس لیے قرآن کریم کے اصل نظم عربی اور اس کی خصوصیات کی حفاظت کے لیے ضروری ہے کہ اس کا متن ترجمہ کے ساتھ ضرور رہے، ورنہ اگر صرف ترجمہ کی اشاعت کی اجازت دی جائے تو ہر زبان میں قرآن مجید کے صرف تراجم شائع ہونا شروع ہو جائیں گے اور لوگ اصل قرآن کی برکت سے محروم رہیں گے، قرآن کے محفوظ رہنے کی بنیادی وجہ یہی ہے کہ مسلمانوں نے آج تک صرف معنٰی کو اعتبار نہیں دیا بلکہ ہر دور میں قرآن کی اصل کو مدنظر رکھا، چنانچہ صدیاں گزرنے کے باوجود آج تک قرآن میں ایک حرف کی تبدیلی نہیں آئی۔اگر صرف معنٰی کو اعتبار دے کر قرآن شائع ہو، تو شاید لوگ نمازوں میں معنٰی پر اکتفاء کر کے اصل قرآن بھول جائیں گے۔

قرآن پاک ہمارے پاس رسماً، لفظاً اور املاءً تواتر کے ساتھ آیا ہے اس کی جگہ اگر تراجم کی اجازت دی جائے تو دوسری کتابوں کی طرح قرآن بھی تحریف سے محفوظ نہیں رہے گا، ترجمہ کے رواج سے شاید لوگ ایسے ترجمے کر کے قرآن کے نام پر شائع کریں جہاں ایک کا ترجمہ ایک ہو اور دوسرے کا دوسرا ہو، اس لئے جمہور فقہاء کرام کے ہاں قرآن مجید بغیر ترجمہ کے شائع کرنا جائز نہیں، ہاں جہاں کہیں ضرورت پڑے، جو ایک یا دو آیتوں سے زائد نہ ہو۔

والدليل على ذلك:

وتجوز في الفتح عن الكافي:"وان اعتاد القراءة بالفارسية أو اراد ان يكتب مصحفاً بها

Jamia Usmania
PESHAWAR PAKISTAN

الجامعة العثمانية
بشاور ٥ باكستان

Ref No:_____

التاريخ 22-03-2015

يمنع،وان فعل فی ایةأو ایتین لافان کتب القرآن وتفسیر کل حرف وترجمته:جاز۔

(ردالمحتار :2/187)

أيضاً فی الفتح

(فتح القدير:1/248)

الجواب صحیح
۲۲/۳/۲۰۱۵

الجواب صحیح

۲۲/۳/۲۰۱۵

کتبه

انورحسین عابد

قسم التخصص جامعه عثمانیه پشاور

Jamia Usmania, Usmania Colony
Nothia Road, P.O. Box: 1209 Pesh. Cantt
Ph: 091 - 5240422
Fax: 091 - 5240444
جامعہ عثمانیہ، عثمانیہ کالونی نوتھیہ روڈ
پوسٹ بکس نمبر 1209 پشاور صدر

Jamia Usmania, Gulshan-e-Umar Campus
Pabbi Station, Chirat Road, Disstt. Nowshera
Mob: 0312-5273561 / 0331-8871509
0301-8871509
جامعہ عثمانیہ، گلشن عمر کیمپس
پبی سٹیشن، چراٹ روڈ، ضلع نوشہرہ

# Excerpt from Fatwā of Mawlānā Ẓafar Aḥmad ʿUthmānī





تزدیک الف پڑھا جاتا ہے، گو بصورتِ وصل بعض کے تزدیک الف نہیں پڑھا جاتا،
علیٰ ہذا سورۂ دھر میں قوارید ثانی کے بعد بھی الف کا ہونا رسم خط عثمانی ہے، الغرض
استنبول میں اس کو بھی حذف کردیا، جس میں وہی خرابی ہے جو ابھی مذکور ہوئی، الغرض یہ
استنبول تو مخالفتِ رسم خطِ عثمانی میں اس درجہ کو پہونچے ہوئے ہیں جسکو کوئی بھی جائز نہیں
کہہ سکتا، کیونکہ اس طرز سے بقیہ قراءات پر دلالت نہیں ہوسکتی، حالانکہ صحتِ قراءت کا
بڑا مدار اس پر ہے کہ رسم خطِ مصحف اس کو محتمل ہو سکے، پس رسم خط عثمانی کی مخالفت جس کو
مصاحفِ استنبول میں کی گئی ہے، اس سے بقیہ قراءات کا ابطال لازم آتا ہے اور اس کا عدم
جواز ظاہر و بدیہی ہے، لہٰذا ان سے تمسک ہرگز نہیں کیا جاسکتا،

یہ تو اصل سوال کا جواب ہوگیا، اب یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے، وہ یہ کہ دس پارے
جو رسم خطِ عثمانی کے خلاف طبع ہوچکے ہیں ان کی بابت کیا حکم ہے، آیا ان کو ضائع کردیا جائے
یا ان کی اشاعت جائز ہے، سو ہمارے نزدیک اس کا وہی حکم ہے جو کتابت میں زبر زیر کی
غلطی یا اور کسی قسم کی غلطی کا حکم ہے، ظاہر ہے کہ مصاحف ایسے بہت کم ہوتے ہیں جن میں
کتابت کی غلطیاں کم و بیش نہ رہ جاتی ہوں، اگر مطلق غلطی کی وجہ سے اشاعتِ قرآن کو ناجائز
کیا جائے گا تو بجز ایک دو مصحف کے باقی سب کی اشاعت بند کردینی پڑے گی، مگر اس کا منتہی
الی الحرج ہونا ظاہر ہے، بلکہ اغلاطِ کتابت کا سہل حکم یہ ہے کہ جتنی غلطیاں مصحف میں رہ گئی ہوں
ان کی فہرست اوّل میں لگادی جائے، اور لکھدیا جائے کہ ناظرین اس کے مطابق مصحف
کو صحیح کرلیں، پس یہی صورت یہاں کی جائے کہ جتنے پارے طبع ہوچکے ہیں ان میں جن الفاظ
میں مخالفتِ رسم عثمانی ہوگئی ہے اُن کی فہرست اوّل میں لگادی جائے کہ ان الفاظ میں
بوجہ اتباعِ مصحفِ یاقوت خان رسم خط عثمانی کی مخالفت ہوگئی ہے، اور نقل کے وقت
ہم کو مطابقتِ رسم خطِ عثمانی کا واجب ہونا معلوم نہ تھا، اس لئے ناظرین ان مواقع کو
اس طرح لکھ کر موافق رسم خط عثمانی صحیح کرلیں،

یہ تدبیر تو اُن پاروں کے اصلاح کی ہے جو طبع ہوچکے ہیں، اور جو پارے ابھی طبع نہیں ہوئے
ان میں لحاظ مطابقتِ رسم واجب ہے، ہرگز خلافِ رسم خط عثمانی نہ لکھوایا جائے، اور
میں جو سوال کیا گیا ہے اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اس مصحف کے ساتھ ترجمہ بھی شائع ہوگا
جس کی صورت یہ تجویز کی گئی ہے کہ ایک ورق پر [illegible]

اس دوسرے ورق میں محض ترجمہ ہی ترجمہ ہوگا، سو مستفتی صاحب کو معلوم ہونا چاہئے کہ ترجمہ کی یہ صورت شرعاً جائز نہیں، کیونکہ اس صورت میں ترجمہ کا انفصال قرآن سے ممکن ہے، اگر کوئی شخص اس کو اثر قرآن سے بالکل علیحدہ رکھنا چاہے تو رکھ سکتا ہے، حالانکہ ترجمۂ قرآن اس طرح پر لکھنا جائز نہیں کہ وہ قرآن سے منفصل و علیحدہ ہو سکے بلکہ ترجمہ کو متنِ قرآن کے ساتھ ایسا ملحق ہونا چاہئے کہ اس سے جدا نہ کیا جا سکے، ورنہ بسا اوقات خریدار متنِ عربی کو الگ اور ترجمہ کو الگ رکھنا چاہیں گے جس سے وہ ترجمہ مثل انجیل و تورات کے غیر حامل المتن ہوگا اور اس سے اندیشہ ہے کہ کچھ دنوں میں کتب سابقہ کی طرح لوگوں کے ہاتھ میں قرآن کا ترجمہ ہی رہ جاوے، اور متن گم ہو جاوے یا اس سے توجہ کم ہو جاوے،

ھذا افساد عظیم یفضی الی ضرر وخیم قال المحقق ابن الھمام فی فتح القدیر (ص ۲۸ ج ۱) ناقلاً عن الکافی وان اعتاد القراءۃ بالفارسیۃ او اراد ان یکتب مصحفا بھا یمنع وان فعل فی اٰیۃ او اٰیتین لا لانہ کتب القرآن وتفسیر کل حرف وترجمتہ جازاھ وفی الکفایۃ واما لو اعتاد قراءۃ القرآن او کتابۃ المصحف بالفارسیۃ یمنع منہ اشد المنع اھ،

ثم ذکر قصۃ ان واحدا من اھل الاھواء فی زمان الشیخ الجلیل ابی بکر محمد بن الفضل اراد ذلک فافتی الشیخ بقتلہ فقتلہ واحد من خدامہ وقال ان الشیخ امرنی بذلک فدعاہ الامیر فذھب الیہ فقص علیہ القصۃ وقال ان ھذا کان یرید ان یبطل کتاب اللہ تعالیٰ فخلع لہ الامیر وجازاہ بالخیر اھ بمعناہ مختصراً، (ص ۲۲۹ مع فتح القدیر ج ۱)

قلت ولا یخفی ان مایظھر من السوال فی صورۃ کتاب الترجمۃ یفضی الی ذلک فیمنع عنہ ایضاً،

ہمارے نزدیک ترجمہ کی بہتر صورت یہ ہے کہ ہر صفحہ کے حاشیہ پر آیات کا نمبر ڈال کر ترجمہ طبع کرایا جاوے، اس صورت میں ترجمہ متنِ قرآن سے علیحدہ نہ ہو سکے گا، ھذا قد اردت ان اولف رسالۃ مختصرۃ فی بیان رسم خط المصحف الامام اصولا وفروعا وفقنی اللہ لاتمامھا عاجلا ورزقھا القبول عاجلا واجلا وھو الموفق والمعین،

حررہ الاحقر خلف احمد عفا اللہ عنہ، مقیم خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون، ۹ ربیع الثانی سنہ ۱۳۳۲ھ



الصواب لا یتجاوز عن الجواب، کتبہ اشرف علی عاشر ربیع الآخر سنہ ۳۲ھ

# Excerpt of Mufti Muḥammad Shafīʿ from Maʿārif al-Qurʾān (5: 283)



اسی سے یہ مسئلہ بھی معلوم ہوگیا کہ کسی زبان اردو یا انگریزی وغیرہ میں جو صرف ترجمہ قرآن کا شائع کرکے لوگ اس کو اردو یا انگریزی قرآن کا نام دیتے ہیں یہ ہرگز جائز نہیں کیونکہ وہ قرآن نہیں، اور جب یہ معلوم ہوا کہ قرآن صرف الفاظِ قرآن کا نام نہیں بلکہ معانی بھی اس کا ایک جزء ہیں، تو حفاظتِ قرآن کی جو ذمہ داری اس آیت میں حق تعالیٰ نے خود اپنے ذمے قرار دی ہے اس میں جس طرح الفاظ قرآنی کی حفاظت کا وعدہ اور ذمہ داری ہے اسی طرح معانی اور مضامینِ قرآن کی حفاظت اور معنوی تحریف سے اس کے محفوظ رہنے کی بھی ذمہ داری اللہ تعالیٰ ہی نے لے لی ہے۔

# Excerpt of Mufti Saʿīd Pālanpūrī from Maʿārif al-Qurʾān (5: 283)





## حافظ قرآن کو حافظ کیوں کہا جاتا ہے

حضور اقدس ﷺ کے زمانے میں اور آپؐ کے بعد عرصہ تک حافظِ قرآن کو "قاری" کہا جاتا تھا جس کی جمع قُرَّاء ہے یہ اصطلاح قرآن کریم کی سب سے پہلی نازل ہونے والی آیت ﴿اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ﴾ سے ماخوذ تھی، لیکن بعد میں جب قرآن کو زبانی حفظ کرنا اور اس کو تجوید کے ساتھ عمدگی سے پڑھنا الگ الگ ہو گیا اور دونوں کی جامع شخصیتیں باقی نہ رہیں تو "قاری" وہ لوگ کہلانے لگے جو قرآن پاک کو نہایت عمدگی سے پڑھتے ہیں اور جن کو سارا قرآن کریم زبانی یاد ہوتا ہے ان کو "حافظ" کہا جانے لگا۔ یہ نئی اصطلاح اسی آیت پاک سے ماخوذ ہے، کیونکہ اس میں اللہ پاک نے وعدۂ حفاظت فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا ہے: اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ حافظون جمع ہے حافظ کی۔

یہ اصطلاح اس لئے مقرر کی گئی کہ اس عالم اسباب میں اللہ پاک قرآن کی حفاظت حافظوں (قرآن یاد کرنے والوں) کے ذریعہ فرماتے ہیں۔ یہ بات حافظوں کے لئے کتنی بڑی فضیلت کی ہے کہ وہ ایک وعدۂ الٰہی کی تکمیل کا ذریعہ بن رہے ہیں، اسی وجہ سے احادیث میں حفاظ کی بڑی فضیلتیں وارد ہوئی ہیں اور شریعت میں قرآن کا حفظ کرنا فرض کفایہ قرار دیا گیا ہے یعنی ہر زمانے میں اتنے مسلمانوں پر قرآن پاک حفظ کرنا فرض ہے جس سے قرآن کی مکمل حفاظت ہو سکے۔ حافظون کو جمع لانے میں اسی طرف اشارہ ہے کہ ایک دو حافظ کافی نہیں، پوری جماعت حافظوں کی ضروری ہے۔

## قرآن پاک کا صرف ترجمہ شائع کرنا

تمام اہل علم اس پر متفق ہیں کہ قرآن نہ صرف الفاظ قرآنی کا نام ہے اور نہ صرف معانی قرآن کا، بلکہ دونوں کے مجموعے کو قرآن کہا جاتا ہے اسی وجہ سے کسی بھی زبان (اردو، انگریزی وغیرہ) میں قرآن پاک کا صرف ترجمہ شائع کرنا جائز نہیں، نہ اس کو قرآن نام دینا جائز ہے۔ قرآن کی حفاظت کا تقاضا بھی یہی ہے کہ صرف ترجمہ ہرگز شائع نہ کیا جائے۔

قرآن کریم اپنے اس دعوے میں بالکل منفرد ہے کہ یہ لفظ بہ لفظ کلام الٰہی ہے، آج روئے زمین پر کوئی بھی دوسری کتاب یہ دعویٰ نہیں کر سکتی

# Excerpt from the Indian Fiqh Academy (IFA) Resolution

## قرآن کے متن وترجمہ کی کتابت واشاعت سے متعلق تجاویز

آج مورخہ ۳ مارچ بروز شنبہ ۲۰۱۵ء "قرآن کے متن وترجمہ کی کتابت واشاعت" سے متعلق تجویز کمیٹی کے زیر بحث طے پایا:

۱- قرآن کریم اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ آخری کتاب ہدایت ہے، جو قیامت تک انس وجن کی رہنمائی کرتی رہے گی، دنیا میں چونکہ مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں لہٰذا قرآن تعلیمات کو عام انسانوں تک پہونچانے کے لئے مختلف زبانوں میں معتبر تراجم کو فروغ دیا جائے۔

۲- متن قرآن کے بغیر کسی بھی زبان میں تنہا ترجمہ قرآن کی اشاعت ناجائز ہے، لہٰذا اسے خریدنا، تقسیم کرنا، ہدیہ کرنا درست نہیں ہے۔

۳- عثمانی رسم الخط کے علاوہ کسی دوسرے رسم الخط میں قرآن مجید کی کتابت واشاعت ناجائز ہے۔

۴- قرآن مجید کی تعلیم حاصل کرنا اور اپنے اندر ناظرہ قرآن پڑھنے کی صلاحیت پیدا کرنا ہر مسلمان مرد و عورت کا شرعی فریضہ ہے، اس لیے ہر شخص کو خود بھی یہ صلاحیت حاصل کرنی چاہئے اور اپنے بچوں اور زیر تربیت افراد کو اس کی تعلیم دلانے کا اہتمام کرنا چاہئے ورنہ وہ عند اللہ جواب دہ ہوں گے۔

۵- اصل تو یہ ہے کہ صرف عربی رسم الخط میں قرآن کریم کی اشاعت کی جائے لیکن ضرورتاً عربی متن کے ساتھ غیر عربی رسم الخط میں درج ذیل شرائط کے ساتھ اشاعت کی گنجائش ہے:

الف: قرآن کریم کی ترتیب نہ بدلے۔

ب: مخارج کا حتی الامکان لحاظ کیا جائے۔

ج: عثمانی وعربی رسم الخط کی تمام خصوصیات کے لئے جامع و مانع اصطلاحات وضع کرکے اس زبان کے رسم الخط کو مکمل کرنے کی پوری کوشش کی جائے۔

۶- نابینا اور معذور افراد سماج کی خصوصی توجہ اور ہمدردی کے مستحق ہیں، ان کی تعلیم کے لئے بریل کوڈ کی ایجاد نہایت اہم پیش رفت ہے، مسلمانوں کو چاہئے کہ اس رمزی زبان کے ذریعہ نابینا حضرات کو زیادہ سے زیادہ علوم اسلامیہ سے استفادہ کی سہولت فراہم کی جائے۔

۷- بریل کوڈ کے مسلمان ماہرین سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ اس کوڈ کو زیادہ سے زیادہ عربی خط اور رسم عثمانی سے ہم آہنگ کرنے کی کوشش کریں؛ تاکہ یہ رموز قرآن مجید کے اصل رسم سے زیادہ سے زیادہ ہم آہنگ ہوجائے۔

۸- چونکہ بریل کوڈ علامتی زبان ہے، رسم الخط نہیں اس لئے نابینا افراد کی حاجت وسہولت کے پیش نظر بریل کوڈ میں قرآن حکیم کی کتابت واشاعت جائز ہے، اور چونکہ یہ قرآن کریم کا رمز ہے اس لئے اس کا پورا احترام ملحوظ رکھا جائے، البتہ یہ بات ضروری ہے کہ نابینا حضرات قرآن مجید کے صحیح تلفظ سے واقف شخص کی مدد سے قرآن پاک کی تعلیم حاصل کریں۔

۸- موبائل کی اسکرین پر نظر آنے والی آیات کو بے وضو نہ چھوا جائے۔

۹- موبائل اور اس قسم کے دیگر آلات کا ڈھانچہ اسکرین سے علیحدہ ہے، لہٰذا جب اسکرین پر قرآن مجید ہو تو موبائل یا دیگر آلہ کو ہاتھ میں لینے کے لئے باوضو ہونا ضروری نہیں۔

نوٹ: شرکاء سمینار میں سے مفتی جنید بن محمد پالن پوری (ممبئی)، مفتی محمد شاہد قاسمی (بھروچ) کی رائے میں قرآن مجید کے اصل متن کے ساتھ بھی غیر عربی رسم الخط میں اس کی کتابت جائز نہیں، نیز مولانا محمد ثوبان اعظم قاسمی (بہار) کی رائے میں یہ صورت بھی جائز نہیں ہے اور قرآن مجید کو بریل کوڈ میں منتقل کرنا بھی جائز نہیں ہے۔